شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23 فروری 2025ء

پریس ریلیز

پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے جو رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی صورت میں ایک بے حد وحساب نعمت بخشی ہے اور اس ماہِ مبارک میں دن کا روزہ اور قرآن پاک کو پڑھنے، سننے اور سمجھنے کے لیے قیام اللیل کا نسخہ کیمیا عطا فرمایا ہے، تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کو زیادہ سے زیادہ سمیٹا جاسکے۔ لیکن گذشتہ چند سالوں سے ٹی وی چینلز پر خصوصی رمضان ٹرانسمیشنز کے نام پر جو بیہودگی اور کھیل تماشہ ہو رہا ہے وہ انتہائی قابلِ مذمت ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ انہی بابرکت ساعتوں میں چیمپیئنز ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد اور اس کی ٹی وی پر نشریات انتہائی افسوسناک بلکہ شرمناک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پیمرا تمام ٹی وی چینلز کو ایک ضابطہ اخلاق کا پابند بنائے اور صرف ایسے پروگرامز کو نشر کرنے کی اجازت ہو جن میں دینی روح اور وقار کے مطابق مستند مواد پر مبنی گفتگو پیش کی جائے۔ پھر یہ کہ فرقہ وارانہ گفتگو کرنے اور مناظرے کا انداز اپنا کر انتشار پھیلانے والوں پر پابندی عائد کی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ سحر اور افطار کی مقدس ساعتوں میں غیر اخلاقی اور فحاشی پر مبنی اشتہارات اور پروگراموں پر بھی پابندی عائد کی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک اسلامی نظریاتی ریاست میں ٹی وی چینلز پر کسی بھی قسم کے غیر اسلامی اور خلافِ شریعت مواد کی نشریات اللہ اور رسول ﷺ کی کھلی نافرمانی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس ماہِ مبارک کے دوران انفرادی اور اجتماعی سطح پر توبہ کریں۔ فلسطینی مسلمانوں اور مسجدِ اقصیٰ کی حرمت کے لیے خصوصی نوافل اور دعاؤں کا اہتمام کیا جائے اور غزہ کے مجبور اور محصور مسلمانوں کی ہر ممکن مالی مدد کی جائے۔ حکومتِ پاکستان اور مقتدر حلقوں پر عوامی دباؤ بڑھایا جائے کہ وہ فلسطینی مسلمانوں کی عملی مدد کریں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ آیئے، رمضان المبارک کی رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹتے ہوئے اس بات کا عزم کریں کہ پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔ تب ہی ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اخروی نجات حاصل ہو گی۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت